نماز حاجت

جب بھی آپ کو کوئی چھوٹی یا بڑی ضرورت پیش آئے۔ خدا کے حضور کھڑے ہو کر دو رکعت نفل (صلوٰۃ الحاجتہ) پڑھیے اور پھر حمد وثنا اور درود پڑھ کر یہ دعا پڑھیے۔ خدا سے توقع ہے کہ وہ آپ کی دعا کو رد نہیں فرمائے گا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جب کسی کو خدا سے یا کسی بندے سے کوئی حاجت ہو تو خوب اچھی طرح وضو کرے۔ پھر دو رکعت نماز پڑھ کر خدا کی حمد وثنا کرے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے اور پھر خدا سے یوں دعا کرے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَاتَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ. (ترمذی)

"خدا کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بڑا ہی بُردبار اور بہت ہی کرم فرمانے والا ہے۔ پاک و برتر ہے خدا عرشِ عظیم کا مالک، شکر و تعریف خدا ہی کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے (خدایا!) میں تجھ سے ان چیزوں کی بھیک مانگتا ہوں جو تیری رحمت کو واجب کرنے والی اور تیری مغفرت کو لازم کرنے والی ہیں۔ ہر بھلائی میں حصہ اور ہر گناہ سے سلامتی چاہتا ہوں، خدایا! تو میرا کوئی گناہ بخشے بغیر اور کوئی دکھ اور غم دور کیے بغیر نہ چھوڑ اور میری کوئی حاجت جو تیرے نزدیک پسندیدہ ہو پوری کیے بغیر نہ رہنے دے۔ اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔"

☆☆☆